ماڈیول نمبر				سبق نمبر21: حسرت موہانی		
		زبان کی مہارتیں				
سبق نمبر	سبق کا نام	سننا بولنا	پڑھنا	لکھنا	اصناف قواعد اسلوب	سرگرمیاں عملی کام
21	حسرت موہانی	متن کے الفاظ اپنی گفتگو میں شامل کرنا	اردو شاعری	سوالات کے جوابات	غزل کی صنف	حسرت موہانی کی نظم اور غزلوں کا مطالعہ

شاعر کا مختصر تعارف:

سید فضل الحسن حسرت "قصبہ موہان"، ضلع اناؤ (یوپی) میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے عربی، فارسی گھر میں پڑھی اور انگریزی تعلیم اسکول میں حاصل کی۔ علی گڑھ سے بی اے کا امتحان پاس کرکے انہوں نے ایک ادبی ماہنامہ "اردوئے معلی" جاری کیا۔ جو عرصے دراز تک اردو زبان و ادب کی خدمت کرتا رہا۔ حسرت مذہبی انسان تھے ان کا ذہن ہر قسم کے تعصب سے پاک تھا۔ ان میں کمال کی اخلاقی جرات تھی۔ جو بات دل میں ہوتی وہی زبان پر لاتے۔ منافقت اور تصنع سے انہیں دور کا واسطہ نہ تھا۔ خودداری، بے باکی، اصول پسندی، سادگی اور خلوص ان کے نمایاں اوصاف تھے۔

غزل کا خلاصہ:

اردو غزل کو ازسر نو مقبول بنانے میں حسرت موہانی کا بڑا ہاتھ ہے- انہوں نے غزل کو تہذیب عاشقی کی شائستہ زبان سے آشنا کیا- اور درد واثر کے ساتھ شیرینی، دلکش طرزِ ادا میں شگفتگی و لطافت پیدا کی۔ حسرت موہانی نے اپنی غزل میں عشقیہ مضمون کے علاوہ قومی سیاست اور قومی یکجہتی پر مضامین بھی داخل کیے۔۱ انہوں نے پرانے شعرا کا ایک بہت عمدہ انتخاب 'انتخاب سخن' کے نام سے 14 جلدوں میں شائع کیا۔ اور اس انتخاب کے ذریعے ایسے شعراء کا کلام محفوظ ہو گیا جو پردہ گمنامی میں تھے اور یہ دور تک پہنچا۔

غزل

روشن جمال یار سے ہے انجمن تمام
دہکا ہوا ہے آتشِ گل سے چمن تمام
حیرت غرور حسن سے، شوخی سے اضطراب
دل نے بھی تیرے سیکھ لیے ہیں چلن تمام،

خاص باتیں:

اس غزل کو پڑھنے کے بعد آپ:

* شعر کی تفہیم کے ساتھ ساتھ اس کے حسن و ادا سے محفوظ ہو سکیں گے۔

* شعر کی زبان، تراکیب اور لفظوں کے استعاراتی معنی کو جان سکیں گے۔

* حسرت کے انداز غزل کو پہچان اور پرکھ سکیں گے۔

مشق:

الفاظ معنی:

- انجمن : محفل
- چلن : طریقہ، ڈھنگ
- اضطراب : بے چینی
- زاغ : کوّا

سمجھنے کی باتیں:

* حسرت کے کلام کی سب سے بڑی خصوصیت سادگی ہے۔ ان کی زندگی جتنی سخت کوشش میں گزری ان کی شاعری اسی قدر نشاط انگیز ہے۔

* مقطع میں نسیم سے مراد نواب اصغر علی خاں نسیم دہلوی ہے۔ جو کہ حسرت موہانی کے استاد منشی امیراللہ تسلیم کے استاد تھے۔

اپنی جانچ آپ کیجئے:

اشعار کی تشریح لکھیں:

* روشن جمال یار سے ہے انجمن تمام
دہکا ہوا ہے آتش گل سے چمن تمام۔

* شیرینی نسیم ہے سوزوگداز میر
مسرت ترے سخن پہ ہے لطف سخن تمام۔

مختصر جواب والے سوال:

دہکا ہوا ہے آتش گل سے چمن تمام

* اس مصرع میں آتش گل سے کیا مراد ہے؟

* اہل جور سے شاعر کا کیا مطلب ہے؟

* شاعر کے خیال میں وطن سے محبت کا شور کن وجوہات سے پھیل رہا ہے؟

طویل جواب والا سوال:

حسرت کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجئے:

* ہے مشق سخن جاری چکی کی مشقت بھی
کیا طرفہ تماشا ہے حسرت کی طبیعت بھی۔

* توڑ کر عہدِ کرم نہ آشنا ہو جائیے
بندہ پرور جائیے ہم سے خفا ہوجائے۔

****